حصہ ۔ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 2 نواب نورمحل نے خواب میں کیا دیکھا تھا؟

سوال نمبر 3 علیم نے مسکین کے کوچے میں کیا منظر دیکھا؟

سوال نمبر 4 ٹھٹھہ کی درسگاہوں میں کون کون سے مضامین پڑھائے جاتے تھے؟

سوال نمبر 5 پیکنگ یونیورسٹی کے طلباء نے ابن انشاء کا استقبال کس طرح کیا؟

سوال نمبر 6 مصنف نے اپنے والد کے سامنے ہاسٹل میں رہنے کے کیا فوائد بیان کیے؟

سوال نمبر 7 صحافت کا پیشہ کس طرح خدمت خلق سے عبارت ہے؟

سوال نمبر 8 گل خان کے گھر کے حالات کیسے بدل گئے؟

سوال نمبر 9 نظریۂ پاکستان کا مفہوم کیا ہے؟

سوال نمبر 10 کلثوم زمانی بیگم کے رخصت ہوتے وقت بادشاہ نے کیا دعا مانگی؟

سوال نمبر 11 مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

پتھر کو جونک لگانا۔ دم گھٹنا۔ کورے ہونا۔ علم و آگاہی

سوال نمبر 12 ذیل کے سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے بنائیے:

بد۔ لا۔ ناک۔ گاہ

سوال نمبر 13 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

توصیف کا خواب۔ ہمت کرے انسان تو

حصہ ۔ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 14 مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کیجیے۔

"خدا کے لیے کیا غضب کرتے ہو، جو بھی تمہارا غصہ ہے تو پہلے مجھ پر اور بچوں پر ہاتھ صاف کرو، کیونکہ تمہارے بعد ہمارا تو کہیں بھی ٹھکانہ نہیں"۔

سوال نمبر 15 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجیے۔

(الف) ہر نغمے نے انہیں کی طلب کا دیا پیغام ہر ساز نے انہیں کی سنائی صدا مجھے

(ب) عدم سے کیا اس نے تخلیق سب کو وہی خالق بزم ہر دوسرا ہے

سوال نمبر 16 نظم صحرا کی دعا کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

سوال نمبر 17 اپنے چھوٹے بھائی کو خط لکھیے کہ وہ امتحان کی تیاری کس طرح کرے گا۔

یا

اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر/ ہیڈ مسٹریس کو درخواست تحریر کیجیے، جس میں ان سے کسی تاریخی مقام پر جانے کی اجازت طلب کی گئی ہو۔

سوال نمبر 18 بنت بہادر شاہ کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔